© rasailojaraid.com

# تعارف کتب

⊙ **حج و عمرہ (فضائل و آداب)**، مولانا محمد عابد ندوی۔ ناشر: زم زم پبلشرز، شاہ زیب سنٹر، نزد مقدس مسجد، اُردو بازار، کراچی۔ فون: ۳۲۷۲۹۰۸۹-۰۲۱۔ صفحات: ۳۱۰۔ قیمت: درج نہیں۔ [حج و عمرہ کی اہمیت، اور افعال کے تذکرے کے ساتھ ساتھ حجرِاسود، مقامِ ابراہیم، زم زم اور مقاماتِ حج کے فضائل کا تاریخی پس منظر کے ساتھ بیان۔ ان اعمالِ صالحہ اور نیکیوں کا ذکر بھی کیا گیا ہے جن کا اجر حج و عمرہ کے برابر ہے۔ نیز جدید دور کے سوالات کے جواب بھی دیے گئے ہیں، مثلاً نفل حج کیا جائے یا صدقہ خیرات؟]

⊙ **عیدالاضحیٰ**، شگفتہ عمر۔ ملنے کا پتا: کتاب سرائے، الحمد مارکیٹ، غزنی سٹریٹ، اُردو بازار، لاہور۔ صفحات: ۴۸۔ قیمت: ۸۰ روپے۔ [مسلمانوں کے مذہبی و ملّی تہواروں کے تناظر میں عیدالاضحیٰ اور عشرہ ذی الحجہ کی اہمیت و روح کو واضح کرنے کے ساتھ قربانی اور نمازِ عید کے مسائل کا بیان، سنتِ نبویؐ کے مطابق عیدالاضحیٰ منانے کا طریقہ، خواتین اور قربانی اور روحِ قربانی جیسے موضوعات زیربحث آئے ہیں۔]

⊙ **ذکرِ شہِ والا ﷺ**، سید ریاض حسین زیدی۔ ملنے کا پتا: ادب سرائے، ۷۵۴-ایل، فرید ٹاؤن، ساہیوال۔ فون: ۶۹۳۳۰۷۳-۰۳۳۳۔ صفحات: ۲۳۲۔ قیمت: ۲۵۰ روپے۔ [نعت کہنا جہاں سعادت ہے وہاں مشکل بھی ہے۔ اعترافِ عظمت کے ساتھ ساتھ اسلامی ادبی رویوں کو بھی ملحوظ رکھنا ایک مشکل کام ہے۔ زیرنظر مجموعۂ نعت محبت و عقیدت کے اظہار اور نعتیہ شاعری کے تنوع کے ساتھ ساتھ قرینۂ ادب کا بھرپور اظہار ہے۔]

⊙ **معرکۂ نور و ظلمت**، یعقوب سروش۔ ناشر: مکتبہ بساط ذکر و فکر۔ ملنے کا پتا: مکتبہ اسلامی پبلشرز، جامعہ نگر، نئی دہلی، بھارت۔ صفحات: ۱۱۰۔ قیمت: درج نہیں۔ [حضرت موسٰیؑ اور فرعون کے درمیان برپا معرکے کا دل کش انداز میں تذکرہ۔ بقول مصنف: یہ قصہ ہزاروں برس پیش تر فرعون و موسٰیؑ کے درمیان رونما ہونے والے زبردست معرکے کی تصویر ہی نہیں بلکہ حق و باطل کی آویزش کا ایک ایسا آئینہ ہے جس میں تاریخ کے ہرعہد کے فرعونی اقتدار کی رعونت سے بھرپور مکروہ چہرے دیکھے جاسکتے ہیں۔]

⊙ **صراطِ مستقیم اور اس کے تقاضے**، (احادیث نبویؐ کی روشنی میں)، اختر نذیر ہاشمی۔ ناشر: علم و عرفان پبلشرز، الحمد مارکیٹ، ۴۰-اُردو بازار، لاہور۔ فون: ۴۱۲۵۲۳۰-۰۳۰۰۔ صفحات: ۲۲۴۔ قیمت: ۳۰۰ روپے۔ [اسلام کی بنیادی تعلیمات، اسلامی معاشرت، مکارمِ اخلاق اور روزمرہ مسائل پر احادیث کا مطالعہ و انتخاب۔ مرتب نے احادیث کا حالاتِ حاضرہ پر انطباق کرتے ہوئے عملی راہنمائی بھی دی ہے۔ وجۂ تالیف: روزِ قیامت جناب رسالت مآبؐ جب پوچھیں کہ تو نے میری اُمت کے اصلاحِ احوال کے لیے کوشش کیوں نہ کی؟ تو کم از کم یہ عذر پیش کرسکوں کہ سرکار میرے بس میں یہی تھا، سو کرگزرا۔]

⊙ **اسلامی تہذیب کیا ہے؟** مرتبہ: پروفیسر غلام دستگیر رشید۔ ناشر: اسلامک ہیریٹیج فاؤنڈیشن، حیدرآباد دکن-۵۰۰۰۲۸، بھارت۔ صفحات: ۱۲۰۔ قیمت: ۷۰ بھارتی روپے۔ [پروفیسر غلام دستگیر رشید معروف اسکالر اور

© rasailojaraid.com